سوال

(733) آیۃ الکرسی پڑھتا ہے تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ بات صحیح ہے یا اس طرح کی حدیث ہے کہ اگر ایک بندہ پہلی مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھتا ہے تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی ، دوسری مرتبہ پورے گھر کو کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی حفاظت میں ہو جاتے ہیں تیسری مرتبہ محلے والے ۔ (سجاد الرحمن شاکر بن حاجی محمد اکرم)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کا تو مجھے علم نہیں البتہ صحیح بخاری میں ہے : ((إِذَا أَوَیتَ إِلٰی فِرَاشِکَ فَاقرَأ آیَةَ الکُرسِیِّ : اَللّٰہُ لاَ إِلٰہَ إِلاَّ ھُوَ الحَیُّ القَیُّومُ حَتّٰی تَختِمَ الآیَةَ۔ فَإِنَّکَ لَن یَّزَالَ عَلَیکَ مِنَ اللّٰہِ حَافِظٌ ، وَلاَ یَقرَبُکَ شَیطَانٌ حَتّٰی تُصبِحَ))4[’’اگر تو رات کو بستر پر جا کر اس آیت کو پڑھ لے گا تو اللہ کی طرف سے تجھ پر حافظ مقرر ہو گا اور صبح تک شیطان تیرے قریب بھی نہ آسکے گا۔‘‘]

۹/۱/۱۴۲۴ھ

4.بخاری/کتاب الوکالة/باب اذا وکل رجلاً فترک الوکیل شیئاً۔

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 732

محدث فتویٰ